## سوال

(571) حائضہ کا مسجد حرام میں داخل ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ عورت مسجد حرام میں داخل ہو سکتی ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ مسجد میں نہیں جا سکتی، سوائے اس کے کہ راہ گزرنے والی ہو، لیکن طواف، تسبیح و تہلیل یا سماع ذکر کے لیے اس کا رکنا جائز نہیں۔ اور اگر اثنائے طواف میں اسے محسوس ہو کہ شاید خون آنے لگا ہے، تو وہ طواف میں جاری رہے حتیٰ کہ اسے یقین ہو جائے کہ خون نکل آیا ہے، تب اسے وہاں سے نکل آنا واجب ہے، اور پھر انتظار کرنا چاہیے حتیٰ کہ پاک ہو جائے۔ پاک ہونے کے بعد نئے سرے سے طواف شروع کرے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 407**

**محدث فتویٰ**